



# Volunteer with us





## Kerry Volunteer Centre

Ionad d'Obair Dheonach Ciarraí

رضاکاروں کے لیئے
معلوماتی کتابچہ

www.volunteerkerry.ie

رضاکاروں کے لیئے انفارمیشن گائیڈ یعنی معلوماتی رہنما کتابچے کا مقصد کیری میں رہنے والے لوگوں کو رضاکار کےطورپر اپنے فرائض سرانجام دینے کے سفر میں مدد کرنا ہے۔ انفارمیشن گائیڈ یعنی معلوماتی رہنما کتابچہ رضاکارانہ کام کرنے کے آغاز کے متعلق تین آسان مراحل کا عمل فراہم کرتا ہے۔ یہ کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضا کار مرکز نے لوگوں کو مثبت اور بامعنی رضاکارانہ تجربہ حاصل کرنے میں مدد حاصل کرنے کے تئیں رضاکاروں کی مدد سے تیار کیا ہے ۔

## رضاکارانہ کام کرنا کیا ہے؟

آئرلینڈ کی قومی رضاکارانہ حکمت عملی کے مطابق رضاکارانہ کام کرنا ' ، رسمی یا غیر رسمی طور پر، عام بھلائی کے لیے اور مالی فوائد کے بغیر ہر وقت رضامندی سے سرانجام دیےجانے والا کام ہوتاہے۔

کَیری کی کاؤنٹی کیری اور آئرلینڈ میں رضاکارانہ کام کرنے کی ایک قابل فخر، قیمتی اور فعال تاریخ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ، آئرلینڈ میں ہر سال تقریباً ۱ ملین افراد رضاکارانہ طور پر کام کرتے ہیں! رضاکار صحت، تعلیم، ثقافت، سماجی خدمات، ماحولیات اور فنون لطیفہ جیسے زندگی کے تمام پہلوؤں میں شامل ہیں۔ کیری میں ہر جگہ ، رضاکار خدمات کا ایک وسیع سلسلہ فراہم کرنے میں مصروف عمل ہیں جو مقامی کمیونیٹیوں یعنی معاشروں میں زندگی اور زندگی بسر کرنے کو بہتر بناتے ہیں۔

اِس کی بہت سی مختلف وجوہات ہیں کہ ہر عمر کے افراد دوسروں کے فائدے کے تئیں آزادانہ طور پر اپنا وقت ، مہارت اور توانائی دینے کا انتخاب کیوں کرتے ہیں ۔ رضاکارانہ کام کرنا ، دوسروں کے فائدے کے لیئے ، ایک بے لوث انتخاب ہےپھر بھی اُن رضاکارانہ کام کرنے والوں پر اِس کے بہت مثبت اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

رضاکار کے تئیں رضاکارانہ کام کے شامل مثبت اثرات :

- ✓ نئی مہارتیں حاصل کرنا اور موجودہ مہارتوں کو بڑھانا
- ✓ یکساں دلچسپی رکھنے والے نئے لوگوں سے ملنا
- ✓ قابل قدر تجربہ حاصل کرنا
- ✓ اپنی کمیونٹی سے جڑا ہوا محسوس کرنا
- ✓ کسی کی زندگی میں تبدیلی لانا
- ✓ ہم خیال لوگوں کے ساتھ لطف اندوز ہونا



# کیری کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کس طرح مدد کر سکتا ہے؟

کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضا کار مرکز میں ٹیم مہربان اور باخبر ہے۔ وہ آپ کو مشورہ ، رہنمائی اور دلالی خدمات فراہم کرسکتے ہیں تاکہ آپ رضاکارانہ کام کے متعلق سب کچھ جان سکیں اور جب آپ تیار ہوں تو رضاکارانہ کام کرنے کا آغاز کرسکیں۔ آپ اپنی ترجیحات کے مطابق کیری والنٹیئر سنٹریعنی کیری رضاکار مرکز کی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ ذاتی طور پر ، فون پر اور آن لائن خدمات کو حاصل کر سکتے ہیں ، انتخاب آپ کا ہے!

کیری والنٹیئر سینٹریعنی کیری رضا کار مرکز **آئرلینڈ کے 29 رضاکار سنٹروں یعنی رضاکار مراکز** میں سے ایک ہے۔ والنٹیئر سنٹر یعنی رضاکار مراکز مختلف قسم کی مفت خدمات فراہم کرتے ہیں جو رضاکارانہ کام کرنے میں دلچسپی رکھنے والے لوگوں کی مدد کرتے ہیں جو اپنی دلچسپیوں ، دستیابی اور ترجیحات کے مطابق رضاکارانہ کام کرنے کا (موقع) مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ کیری والنٹیئر سینٹریعنی کیری رضاکار مرکز ۲۰۰۳ ء سے رضاکاروں کی مدد کر رہا ہے اور کیری میں رضاکارانہ تنظیموں کو مضبوط بنا رہا ہے۔

## رضاکارانہ کام کرنے کی کامیابی کے لیئے 3 اقدامات

یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے آپ کو کامیاب رضاکارانہ کام کرنے کے تجربے کے تئیں ترتیب دیں اور کامیابی حاصل کرنے کے تئیں آپ کی مدد کرنے کے لیئے ذیل میں ۳ اقدامات ہیں۔

### مرحلہ 1: آپ عمل کرنے سے پہلے پوچھیں

ایک مثبت رضاکارانہ کام کرنے کا تجربہ حاصل کرنے کے لیئے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ پہلے اپنے محرکات ، ترجیحات ، دستیابی ، مدد کی ضروریات اور ترجیحات کے متعلق مکمل طور پر واضح ہونے کے تئیں وقت نکالیں۔ اپنے آپ سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں کہ ؟

- ✓ میں کیوں رضاکارانہ طور پر کام کرنا چاہتا ہوں؟
- ✓ میں کس قسم کے رضاکارانہ کام کرنے کا موقع چاہو ں گا ؟ میں کیا دلچسپی رکھتا ہوں ؟
- ✓ میں رضاکارانہ کام کرنے سے کیا حاصل کرنا چاہوں گا؟
- ✓ میرے پاس کون سی مہارتیں ہیں جن کا میں دوسروں کے ساتھ اشتراک کر سکتا ہوں؟
- ✓ میں کون سی دلچسپیاں ، مشاغل یا مہارتیں رکھتا ہوں یا کونسی بڑھانا چاہوں گا ؟
- ✓ میں رضاکارانہ کام کرنے میں کتنا وقت لگا سکتا ہوں؟ (اپنی دیگر ذمہ داریوں کو یاد رکھیں!)
- ✓ میں کب رضاکارانہ کام کر سکتا ہوں – شاموں میں ، ہفتے کے دنوں میں یا اختتام ہفتہ پر ؟
- ✓ میں کونسے عرصے ، قلیل مدتی، یکطرفہ منصوبوں ، ہفتے میں ایک بار، طویل مدتی وغیرہ کا وعدہ کر سکتا ہوں؟
- ✓ کیا میں رضاکارانہ موقع کے تئیں سفر کر سکتا ہوں؟
- ✓ کیا رضاکارانہ کام کرنے کے موقع کے تئیں سفر کرنے میں مالی اخراجات شامل ہوں گے؟
- ✓ میری صلاحیتوں کی سطح کیا ہے؟ (مثال کے طور پر ، ایسے مواقع ہوسکتے ہیں جن کے لیئے انگریزی کی مہارت یا آئی سی ٹی کی ایک خاص سطح کی ضرورت ہوتی ہے ، لہذا رضاکارانہ کام کرنے کے موقع کے تئیں درخواست دینے سے پہلے اپنی روانی اور مہارت کے متعلق واضح رہیں)۔

رضاکارانہ شمولیت والی تنظیم کی ضروریات اور توقعات کا خیال رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ بہت سی تنظیموں کی بابت کہ وہ رضاکاروں کو اِس بات کو یقینی بنانے کے لیئے شامل کرتے ہیں کہ وہ خدمات کی فراہمی جاری رکھ سکتے ہیں ، فنڈ ریزنگ کے ذریعے فنڈز جمع کر سکتے ہیں ، اضافی خدمات فراہم کرسکتے ہیں اور اضافی اختصاصی صلاحیت اور مہارت لا سکتے ہیں ۔یہ چیز ، رضاکاروں کو شامل کرتے


ہوئے ، تنظیم کو اپنی خدمات کی فراہمی کو بڑھانے کی اجازت دیتی ہے ۔ یاد رکھیں، تنظیمیں آپ سے وقت پر پہنچنے ، اپنے تفویض کردہ کاموں کو انجام دینے کی توقع کریں گی اور اگر آپ اِس کام میں شرکت یا انجام دہی نہیں کر سکتے ہیں تو اُن سے بات چیت کریں ۔

## مرحلہ 2 : کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کی ویب سائٹ پر آن لائن جائیں

رضاکار کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضا کار مرکز کی ویب سائٹ ، www.volunteerkerrry.ie ، کو رضاکارانہ کام کرنے کے متعلق جاننے کے لیئے ایک بہت مفید قسم کے وسائل ہونا سمجھتے ہیں ۔ بہت سے لوگ مختلف رضاکارانہ کام کرنے کے مواقع کے متعلق جاننے کے لیئے ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہیں جن میں شامل ہونے کے

تئیں اُن کے لیئے دستیاب ہیں۔ ویب سائٹ میں بہت سارے متعلقہ انتخابات ہیں جو خاص طور پر رضاکاروں کے لیئے ڈیزائن یعنی تشکیل دیئےگئے ہیں، نیچے دی گئی تصویر کے مطابق:

راکاضر ےئارب




پآ ہک اسیجویب ںمیر یصوت یک ٹئاسدیکھ راک ارض یرکیک یعنی رسینٹ رئالنٹیو یرکیک گلو ںہتے ہیکس
یک زکرمویب ہک یعنی ٹئاس- **www.volunteerkerry.ie** یپسلچد یاپن ںہے میںرک ماک ہنرااکارض رپ
ںیہنو اُج ،ںہتے ہیکسرک رٹسجر(I-Vol ) -یآزوول ںہم ی )سںیب اٹیڈ یموق لے کنرک ماک ہنرااکارض ائے گاج لے
گے۔ ںیدل لیکسٹ ڈراکیر لئاقورپ یدارفنا یر کاک ارض یاپن ہو ںاہج




جب کوئی شخص **آن لائن رجسٹریعنی درج ہوتا ہے تو** ، اُن کی رضاکارانہ دلچسپیوں ، ترجیحات اور دستیابی کے متعلق بات چیت کرنے کے لیئے **اُن سے کیری ولنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کے ذریعہ(فون یا ای میل کے ذریعہ - براہ کرم جنک / سپام میں دیکھیں ) رابطہ کیا جائے گا** ۔ یہ رضاکار کے تئیں اُن کے ہونے والے ممکنہ سوالات پوچھنے اور مدد حاصل کرنے کا بھی ایک موقع ہے۔

ایک بار جب کوئی شخص رجسٹرڈ یعنی درج ہو جاتا ہے تو ، اُن کا آئرلینڈ کے رضاکارانہ کام کرنے والے قومی ڈیٹا بیس پر ایک منفرد پروفائل ہوگا اور پھر ویب سائٹ یعنی کہ www.volunteerkerrry.ie **کے ذریعہ براہ راست سکتے ہیں ۔ یہ بہت اہم ہے کہ لوگ رضا کارانہ کام کرنے کے کسی موقع میں شامل ہونے کے تئیں** اپنی دلچسپی رجسٹر یعنی درج کرنے سے پہلے اِس بات کا جائزہ لینے کے لیئے کہ آیا یہ اُن کے لیئے مناسب ہے یا نہیں ہر رضاکارانہ کام کرنے کے موقع کی درکار ضروریات کو احتیاط سے پڑھیں ۔

## مرحلہ 3 : اپنے رضاکارانہ کام کرنے کے مواقع کو احتیاط سے منتخب کریں

رضاکارانہ کام کرنا ایک بہت ہی فائدہ مند تجربہ ہوسکتا ہے لیکن یہ مشکل بھی ہوسکتا ہے۔ اپنے مواقعوں کو اِس بات کو یقینی بنانے کے تئیں احتیاط سے منتخب کریں کہ یہ کوئی ایسا کام ہے جس سے آپ لطف اندوز ہوں گے۔ صحیح موقع تلاش کرنے میں وقت لگ سکتا ہے لیکن ہمت نہ ہاریں - یہ کسی ایسی چیز کا انتظار کرنے کے لائق ہے جو آپ کے تئیں صحیح ہے۔ نمونے کے **مواقعوں** میں درج ذیل شامل ہیں:

- ✓ دوستی بنانا - کسی کو مدد دینا اور دوستی بنانا جیسے معاشرے میں ایک بوڑھا شخص، معذور افراد یا صحت کے مسائل والے افراد یا ملک میں نئے آنے والے افراد

- ✓ تعلیم - اضافی مدد کی ضرورت والے لوگوں کو تربیت دینا، انگریزی کو دوسری زبان کے طور پر پڑھانا، کسی معذوری والے طلباء کی مدد کرنا یا چوٹ سے صحت یاب ہونے والے کسی شخص کی مدد کرنا۔

- ✓ تقریبات - تقریبات سے متعلقہ رضاکار اِس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ مقامی تہوار اور کمیونٹی کی تقریبات بلا تعطل چلتی ہیں اور سب کے لیئے لطف اندوز ہونے کے تئیں ایک خوشگوار تجربہ ہیں۔

- ✓ فنڈ ریزنگ یعنی پیسے جمع کرنا - سڑکوں پر مانگے ہوئے پیسوں ، خیراتی دکان میں رضاکارانہ کام کرتے ہوئے ، یا یہاں تک کہ کسی تنظیم کے لیئے فنڈنگ یعنی مالی اعانت کی حکمت عملی تیار کرنے میں مدد کرتے ہوئے خیراتی اداروں کے لیئے بہت ضروری فنڈز جمع کرنا۔

- ✓ آن لائن - تنظیموں کو اکثر مدد کی ضرورت ہوتی ہے جو رضاکار اپنے وقت میں گھر پر کرسکتے ہیں جیسے ویب ڈیزائن ، مارکیٹنگ منصوبہ تشکیل دینا یا سوشل میڈیا اکاؤنٹوں کی دیکھ بھال کرنا۔

- ✓ عملی مدد - تنظیموں کو زیادہ عملی کاموں جیسے ڈائی ، پینٹنگ ، باغبانی یا ڈرائیونگ میں مدد کرنے کے لیئے اکثر رضاکاروں کی ضرورت ہوتی ہے۔

- ✓ قلیل مدتی - رضاکارانہ کام کرنے کا مطلب طویل عرصے تک بہت زیادہ وقت سونپنا نہیں ہوتا ہے ۔ بہت سے اداروں کو قلیل مدتی یا یکطرفہ مخصوص منصوبوں اور کاموں میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

شامل ہونے میں اپنی دلچسپی رجسٹر یعنی درج کروانے سے پہلے درکار شرائط ، وقت ، مقام یا ہر موقع کے متعلق دریافت کرنے کے لیئے اپنا وقت لیں۔ اپنے لیئے واقعی مناسب موقع تلاش کرنے کے لیئے وقت لیں۔ ایک بار جب کوئی رجسٹرڈ رضاکار (I-Vol )آئی- وول پر رضاکارانہ کام کرنے کے موقع کے متعلق **"رجسٹر"** پر کلک کرتا ہے تو ، کیری ولنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کام کی تفصیلات پر تبادلہ خیال کرنے اور موزونیت کا اندازہ کرنے کے لیئے اُن سے رابطہ کرے گا۔

اگر کوئی رضاکار رضاکارانہ کام کرنے کے موقع کے تئیں درخواست دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو ، کیری ولنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کا عملہ موقع کی درکار شرائط کو سمجھنے میں رضاکار کی مدد کرے گا ، جیسا کہ وقت کی پابندی ، درخواست کا عمل ، سکریننگ میں شامل درکار شدہ (مثال کے طور پر گارڈا ویٹنگ) مہارتیں وغیرہ۔

اس کے بعد کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکا ر مرکزِ رضاکار کا نام، فون نمبر اور ای میل ایڈریس اُس تنظیم کو بھیجے گا جس میں وہ دلچسپی رکھتے ہیں یا اُن کو تنظیم کے ریفرل کے عمل اور رضاکاروں کی رضامندی پر انحصار کرتے ہوئے تنظیموں کے رابطے کی تفصیلات فراہم کرے گا۔

مقامی طور پر رضاکارانہ طور پر کام کرنا چاہتے ہیں؟ ذیل میں وہ رضاکارانہ مواقع درج ہیں جو اِس وقت تما م کیری بھر میں دستیاب ہیں تاکہ آپ اس کے تئیں شامل ہونے میں اپنی دلچسپی رجسٹر کرواسکیں۔

اِس کے بعد، تنظیم موقع پر تبادلہ خیال کرنے اور موقع کے لیئے اُن کی موزونیت کا جائزہ لینے کے لیئے رضاکار سے براہ راست رابطہ کرے گی۔ وہ رضاکار کے کسی بھی ممکنہ سوالات کا جواب دیں گے اور سکریننگ اور انتخاب کے معیار کی وضاحت کریں گے جو وہ اِس بات کو یقینی بنانے کے لیئے استعمال

# کَیری میں رضاکارانہ مواقع

کیامقامی طورپررضاکارانہ کام کرنےکےمواقع آپ تلاش کررہے ہیں؟ سارے کَیری میں آپ کے لیےنیچے درج شدہ فی الحال دستیاب رضاکارانہ مواقع ہیں ان میں شامل ہونے کےلیےاپنی دلچسپی کورجسٹرکروائیں۔

Search

| Organisation Name | Volunteer Opportunity | Place of Volunteering | Activity that reflects opportunity |
|---|---|---|---|
| Killarney Mountain Meitheal | Rhododendron Eradication Volunteers | Abbey Wood Muckross Road Killarney | Conservation/Gardening |
| Ard Chúram Day Care Centre North Kerry | Befriender for Dementia Unit | Ard Chúram Day Care Centre, Greenville, Listowel, Co.Kerry | Driving/Accompanying |
| Alone Kerry | Support & Befriending Day Time Volunteer - Ballybunion | Ballybunion | Befriending/Mentoring |
| Alone Kerry | Support & Befriending Day Time Volunteer - Caherciveen | Caherciveen area | Befriending/Mentoring |
| South West Kerry FRC | Board Member | Cahersiveen | Committee/Board work/Management |

« ‹ ... 1 2 3 4 5 ... › »

کرتے ہیں کہ وہ سب سے زیادہ مناسب رضاکاروں کو بھرتی کرتے ہیں اور شامل کرتے ہیں۔ یہ اپ کا تنظیم کے متعلق مزید جاننے کا موقع ہے اور آپ سے کیا توقع کی جاتی ہے۔

اگر کسی رضاکار کو تنظیم کی جانب جواب نہیں ملتا ہے تو وہ کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کو مطلع کر سکتے ہیں تاکہ وہ تنظیم کے ساتھ رابطہ کر سکیں اور اِس مسئلے کو حل کر سکیں ۔ ایک بار جب آپ رضاکارانہ کام کرنے کا آغاز کرتے ہیں تو کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز میں ٹیم آپ کی مدد کے تئیں دستیاب رہے گی اور مستقل بنیادوں پر آپ کے ساتھ چیک اِن کرے گی۔

## آئیے یاد رکھیں

آئیے یاد رکھیں کہ رضاکارانہ کام کرنا ایک انتخاب ہے! کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز کا عملہ آپ کے لیئے بہترین انتخاب کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیئے دستیاب ہے۔ رضاکارانہ موقعوں کا انتخاب کریں جن کے تئیں آپ احتیاط سے اور اِس بنیاد پر شامل ہونا چاہتے ہیں کہ وہ آپ کے لیئے واقعی مناسب ہیں اور یہ کہ آپ ممکنہ طور پر تنظیم کے تئیں واقعی مناسب ہوں گے۔ کیری والنٹیئر سنٹر یعنی کیری رضاکار مرکز آپ کی مدد اور رہنمائی کے لیئے یہاں دستیاب ہے۔

7 Maine St, Tralee, Co. Kerry V92 HCOH
Office Hours - Mon - Fri: 9:30 - 17:30, By Appointment
E: info@volunteerkerry.ie | T: (+353) 66 711 7966